10/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عابدہ اختر**

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رانجی ٹرافی جیتنے والی جموں کشمیر کی کرکٹ ٹیم کو دو کروڑ روپے کی انعامی رقم پیش کی ہے ۔ انہوں نے کل رات جموں میں ٹیم کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا۔ کھلاڑیوں کو ان کی شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے ان کے لیے مزید کامیابیوں کی دعا کی۔

اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزراء، چیف سیکریٹری اور کمشنر سیکریٹری یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کے علاوہ بی سی سی آئی کے صدر متھن منہاس بھی موجود تھے۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آئندہ کی مردم شماری کے عمل کو کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے مربوط اور پیشگی تیاریوں پر زور دیا ہے۔ جموں میں ایک میٹنگ کے دوران رجسٹرار جنرل اینڈ Mritunjay کمشنر آف انڈیا Census کمار نارائن کی موجودگی میں 2027 کی مردم شماری کیلئے تیاریوں کا جائیزہ لیتے ہوئے
ا

نہوں نے اس سلسلے میں عوامی بیداری مہمات چلانے کی بھی ہدایت دی۔±

کمار نے کہا کہ مردم شماری سے ترقیاتی منصوبے ترتیب دینے میں مدد ملتی ہے۔ Mritunjay اس موقعے پر

زبیر سلیم

عام لوگوں تک معقول نرخوں پر معیاری ادویات پہنچانے کے لئے ملک بھر میں جن اوشدھی کیندروں کا جال بچھایا گیا ہے ۔ اس وقت ملک بھر میں 15 ہزار سے 18ہزار تک جن اوشدھی کیندر قائم ہیں جن سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں ۔ جن اوشدھی کیندروں کی اہمیت اور حال ہی میں منائے گئے جن اوشدھی دوس کے تعلق سے معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

سکول

سرمائی تعطیلات کے بعد اسکولوں کے دوبارہ کھلنے کے موقع پر ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن کشمیر، نصیر احمد وانی نے کل ڈل جھیل کے علاقے میر بہری سرینگر میں واقع مختلف اسکولوں کا دورہ کر کے وہاں تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

ڈائریکٹر نے طالب علموں کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں مٹھائیاں اور پھولوں کے ہار پیش کیے جس سے تعطیلات کے بعد اسکول کے ابتدائی دنوں میں خوشگوار ماحول پیدا ہوا۔

اس موقع پر ڈائریکٹر موصوف نے کشمیر ڈویژن میں طلباءکی مضبوط تعلیمی بنیاد کے لیے ابتدائی تعلیم کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

سکمز

شعبے نے اس شعبے میں بہتری لانے کے لئے Pathology 174 ایک اہم پیش رفت کے تحت سکمز کے پینل نصب کی ہے۔ اس پینل کا افتتاح سکمز کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف Immunohistochemistry Markers گنائی نے کیا ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔ ACB

مژھل

کمپنی تشکیل دی جا رہی Porter مژھل میں ہیڈ کوارٹر 53 انفینٹری برگیڈ کی طرف سے 29 مارچ سے دو اپریل تک ایک کیا جائے گا ۔ اس حوالے Enroll ہے ۔ اس تعلق سے چھ سو پورٹروں کو 179 دنوں کے لئے ڈیفنس پورٹر کی حیثیت سے مژھل کپواڑہ میں جمع RR Batallion سے 18 برس سے 40 برس تک کی عمر کے امیدوار لازمی دستاویزات 25 مارچ تک کرا سکتے ہیں ۔

فرقیاں گلی سیکٹر میں فیزکل ٹیسٹ 29 اور 30 مارچ کولیا جائے گا جبکہ مژھل ،کمکاری اور کلا روس سیکٹروں میں یہ ٹیسٹ 31 مارچ سے دو اپریل تک لیا جائے گا ۔

ٹیکسٹائلز ایوارڈ

ٹیکسٹائلز کی مرکزی وزارت نے رجسٹرڈ ہنرمندوں اور دستکاروں سے سال 2025 کے لئے نیشنل ہینڈی کرافٹس ایوارڈس یعنی شِلپ گرو اور پنشن اسکیم 2025-26 کے لیے درخواستیں طلب کی ہیں۔

محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم کشمیر کے ترجمان نے بتایا ہے کہ ٹیکسٹائلز کی وزارت کے ڈیولپمنٹ کمشنر ہینڈی کرافٹس نے سرینگر بڈگام اور گاندربل اضلاع کے رجسٹرڈ کاریگروں سے ہینڈی کرافٹس ایوارڈ 2025 کے لیے درخواستیں طلب کی ہیں۔ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2026 مقرر کی گئی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ